شی۔ د Law and order situation دے صوبه کښې دے وخت چې دے، دے حکومت کښې نو زما په خیال د دې نه مخکښې داسې خراب Law and order situation دومره نه وو شوې۔ "مشرق" اخبار ما سره دے، دیکښې تاسو اوګورئی نو زما خیال دے چې په یو ورځ کښې "یکه توت میں ڈکیتی، مزاحمت پر نو بیاہتا دلہن قتل کر دی گئی" دا په یو ورځ کښې تاسو خالی دے اخبار کښې اوګورئ چې څومره، "اسلحہ پر پابندی کے بعد ہری پور میں پانچ درجن سے زائد، نہ "ہری پور میں کارلفٹر گروہ رنگے ہاتھوں گرفتار۔ گاڑیاں برآمد کر لی گئیں اور کئی گاڑیاں ابھی تک زیر تفتیش ہیں" تاسو ته عرض اوکړمه چې په ہزاره کښې کله هم دومره غلاګانے، تاسو په دې سوچ اوکړئ چې زمونږه ایډوکیټ جنرل صاحب نه پرون غلا شوې ده۔ د نتهیاګلئ او ډنګاګلئ په پائپ لائن باندې روان وو، د هغوې نه ګهړئ هم واغستې شوه او د هغوې د بچو نه ئے پیسې واغستې۔ نو داسې حالات زما خیال دے د ګلیاتو کښې، ہزاره کښې کله هم نه وو جوړ شوې څومره چې دے حکومت کښې حالات هلته خراب شوې دی۔ سپیکر صاحب! "فقیر آباد اور گنج میں چوری کی وارداتیں، دو گھروں کا صفایا کر دیا گیا" دا په یو ورځ کښې دا ټولې خبرې دی۔ "حیدری چوک وڈیگہ میں فائرنگ بیس سالہ نوجوان قتل کر دیا گیا"۔ "داودزئی میں دو بچوں کی ماں نے خود کو زندہ جلا دیا" نو ولې دا ماشومانو مور نه ځان ولې زندہ جلا دیا۔ ځکه چې انصاف نه ملاویږی، روټی نه ملاویږی، د ملک حالات داسې دی چې هغوې ته هیڅ قسم Satisfaction نشته دے۔ زما حلقه کښې په Last month کښې درے قتل شوې دی۔ یو خو ایکسیډنټ اوشولو۔ دلته کښې ګورنمنټ هاؤس سره هغه سړے مړ شو د هغه په لاس باندې راډو ګهړئ وه، هغه سره چې کوم سړے وو، هغه سره پیسې وے، ډالرز وو، پونډز وو، هغوې ماله راغلل او ماته ئے اووئیل چې ماته یو پیسه هم پولیس رانه کړله۔ هر څه ئے زمونږه نه او تختول او بدقسمتی دا ده چې مونږه د اسلام او د انصاف خبره کوؤ او داسې حالات چې چرته پیدا شی نو مونږه هغه وخت کښې Interference نه کوؤ۔ سپیکر صاحب! زما حلقه کښې یو ماشوم هلک وو چې هغه په ووئم جماعت کښې د دیارلس کالو هلک وو په منډابیری

کبنې د سکول نه بهر اوتولو او خلقو اوتختولو۔ بیا دوه ورځے بعد د هغه لاش د یکه توت نه بهر ورته ملاؤ شولو۔ زمونږه د بډه بیرے علاقے نه یو سړے راتلو، زما د حلقے سړے وو، هغه د پیسو اګرائی کړې وه، دا په Last month کبنې، دا هر څه شوی دی هغه په پشتخره کبنې اویشتے شولو او د هغه تر اوسه پورې هیڅ پته نه لګی۔ سپیکر صاحب! بدقسمتی دا ده چې زمونږه دا حکومت چې دے چې کوم وخت کبنې ورته بریفنګ کیږی نو هغه وخت کبنې دوئ ته پولیس اوبنائی چې جی Law and order situation په Last year کبنې دومره وو او اوس دومره شولو۔ هغې کبنې هم دا "مشرق" اخبار دے، ماسره هغه بله ورځ هغوې دا فګرز ورکړی دی خالی پیبنور کبنې، هغوې وائی چې 2002ء او 2003ء میں چې کوم خلق قتل شوی دی تقریباً برابر، اقدام قتل کم شوی دی، زخمیان چې دی تقریباً برابر۔ اغواء برائے تاوان یو زیات۔ دا سپیکر صاحب، مونږه هم چې کوم وخت حکومت کبنې وو نو مونږ ته هم دے پولیس ریکارډ بنودلو چې Last year داسې داسې وو او اوس ډیر بنه شوې دی۔ دا چرته کیدے شی؟ ځکه چې ورځ په ورځ پاپولیشن زیاتیږی، ورځ په ورځ منهګائی زیاتیږی، ورځ په ورځ خلقو ته تکالیف دی، ورځ په ورځ بے روزګاری ده او هغې کبنې هم مونږه ګورنمنټ ته دهوکه ورکړو چې جی Last year دومره وو او دے Year کبنې ډیر کم شوې دی۔ زما خپل دا Request دے جناب سپیکر صاحب، چې زمونږه بدقسمتی دا ده چې Law and Order Situation چې دے، دا د پولیس ذمه داری ده او د هغوې ذمه داری چې ده هغه شان نه Complete کیږی۔ زه تاسو ته دا هم عرض اوکړمه چې پولیس والا چې اودریږی یو علاقه کبنې او وائی چې ماسره پټرول ختم دی او ماله پیسې راکړئ نو د هغې علاقے نه چې د کومې نه هغه په چنده باندې هغه ځان له ډیزل یا پټرول اچوی نو ستاسو څه خیال دے چې هغه خلقو له به تحفظ ورکړے شی؟ هغه له به پیسې څوک ورکوی؟ هغه به بدکرداره خلق به وی۔ شریف سړے خو پولیس ته پیسې نه ورکوی چې هغه ځان له موټر کبنې ډیزل واچوی، پټرول واچوی۔ نو دغه شانته ملکی حالات، زمونږه د صوبې داسې حالات پیدا دی سپیکر صاحب، چې وسائل نشته دے۔ بدقسمتی خو دا اوشوه چې اوس خو د نوی آرډیننس

لاندې پولیس ته دومره اختیارات ملاؤ شو چې هغه بغیر د تپوس نه کورونو ته ننوزځی. زما د حلقې پرون نه هغه بله ورځ خلق راغلل او ووئیل ئې چې جی پولیس راځی او بغیر Ladies police کورونو ته ننوزځی. بیا ما ډی ایس پی صاحب ته ټیلفون اوکړلو، ماورته وئیل چې د خدائے د پاره چې تاسو چرته چھاپه وهئ نو Ladies Police ورسره لیږئ چې دننه Ladies لاړ شی. نو داسې پولیس سټیټ جوړ شو. پولیس والا چې دی هغه بالکل بغیر د رشوته، بغیر د پیسو نه یو کار هم نه کوی او مونږه دلته کښې اسمبلئ کښې خبره اوکړو، زمونږ وزیر اعلیٰ صاحب هم او زمونږ وزیران صاحبان هم چې د اسلام او د قرآن خبرې کوی خو هیڅ انصاف نه ملاویږی. سپیکر صاحب! انصاف هله ملاویږی چې کوم هغه اووائی چې فائل لاندې پیسې اولګوئ نو بیا به فائل روانیږی ګنی نو فائل به پروت وی. نو زما دا درخواست دے سپیکر صاحب، چې د خوش قسمتئ نه چیف منسټر صاحب هم ناست دی، پکار دا ده چې دا Law and Order Situation زمونږه صوبه کښې، ما خو خالی د خپلے حلقے دا مثالونه ورکړل. او د پیښور ښار ما تاسو ته هغه غلاګانے او دا، صرف د پیښور ښار دا حالت دے نو د باقی صوبه، چې چرته مونږه هر یو کس چې پاس نو وائیو چې دا پیښور ښار زمونږه د صوبې زړه دے او بیا دلته کښې ټول بیوروکریسی پروته ده، دلته کښې ټول وی وی آئی پی خلق پراته دی، د هغې نه باوجود زمونږه د پیښور ډسټرکټ یا د پیښور ښار دا حال دے نو باقی ډسټرکټس چې چرته کښې دا خانان صاحبان او وزیران صاحبان نشته دے، چرته چې بیوروکریټس نشته، چرته آئی جی صاحب نشته، چرته چیف سیکرټری نشته، هوم سیکرټری نشته، نو د هغوې به څه حال وی؟ په هغې ډسټرکټس کښې خو زما خیال دے چې ژوند تیرول به هم ګران وی. نو زما دا درخواست دے سپیکر صاحب، د خدائے د پاره د کوم وخت پورې چې ستاسو Law and order situation د صوبې ټھیک نه وی، نه به دلته کښې Investment کیږی نه به دلته کښې خلق سرمایه لګوی. چې سرمایه نه لګوی، انویسټمنټ نه کیږی ،کارخانے نه چلیږی نو نوکرئی به هم نه ملاؤیږی. چې نوکرئی نه ملاویږی نو بے روزګاری به زیاتیږی ،بے روزګاری چې زیاتیږی نو خوامخواه به خلق illegal کارونو ته لاس اچوی .نو زما دا درخواست دے چې

دا ټول د ملک او د صوبې بنيادی مسئله چې ده هغه Law and Order دے ، تر کومې پورې Law and Order ټهيک نه وی نو د صوبې هغه حکومت پهچان هم ديکښې وی چې Law and Order situation ئے ټهيک وی ـ نو زه دا درخواست کومه چې د خدائے د پاره دا آئی جی صاحب او د پوليس هغه نقشو باندې او د هغوی په هغه Calculation باندې دے ځان نه غلطوی، لاړ د شی اخبارونه د اوګوری لاړ دے شی د عوامو نه ئے تپوس اوکړی خپلو حلقو کښې د تپوس او کړی چې پروسکال څومره خلق دلته تکليف کښې وو ، څومره غلاګانے شوې وے ، څومره قتلونه شوی وو او څخکال څومره شوې دی؟ نو په دې وجه باندې دا درخواست کومه چې حکومت د په دې باندې زيات غور اوکړی چې Law and order situation په دې صوبه کښې ټهيک شی ـ ډيره مهربانی ـ

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ،په دې نمبر باندې به راشو چې دا کوم موجود دی ـ جناب عالم زيب خان عمرزئی، خو د وخت خيال به ساتو ـ مختصر انداز کښې ځکه چې بيا خو دوه بجے کيږی او کسان ګنړ دی ـ جناب عالم زيب خان ـ

جناب عالمزیب: زه به جی خبره هډو د خپل ځان نه شروع کړمه چې دا څو ځلے دا کوم واردات ما سره اوشو او کيږی هغه بله ورځ دلته هائی کورټ کښې زما تاريخ وو او په هغه تاريخ کښې ما ته اطلاع راغله چې بهر تا ته حالات ټهيک نه دی، بيا ما کنټرول ته او وئيل چې داسې ما ته حالات ټهيک نه دی ـ کنټرول والا بيا راغلل، د باجوړ يو کس وو ،هغه سره ئے تماچې او نيوله يو بل کس سره ئے اونيوله، په هغې کښې چې تماچې ئے او نيوله بيا هغه اجرتيانو درخواست اوکړلو او په هغې باندې جی دے ځائے کښې د دې ځائے پوليس دومره کاروائی اوکړله چې کوم اجرتيان وو، هغوی ته پشت پناہی ملاؤ شوه يو قسم ځکه چې د هغې درخواست انکوائری کله يو ته مارک کيده کله غته سړی ته کله بل ته، کله بل ته ـ پرون ما جی ډير زيات په دې باندې دغه کولو او هغې سړو بيا هلته دغه کړه چې يره مونږ په پوليس درخواست، که مونږه ګير هم يو خو مونږه په پوليس دغه مغه کړے دے او ان شاء الله مونږ به دا پوليس هم خراب کړو او دا به اوکړو او هغه به اوکړو ـ زه دا وائيمه جی چې دے ځائے کښې زه به د پيښور په حواله سره دلته کښې خبره اوکړمه ـ په متهرا کښې زمونږه د عمرزو SHO يو ځل

اولګیدو، د دې نه مخکښې یو بل SHO مړ شولو، په دې ځائے کښې رنګ رنګ واقعات په دې پیښور ضلع کښې اوشو، بهر نه څو دے لړ ځائے کښې چې دلته کښې مونږه دے وخت سهره ویره وی چې یو موبائل ته جی تحفظ نه وی چې په موبائل کښې پولیس وی، هغه ویشتے کیږی نو یو عام سړی ته به څه تحفظ ملاؤ شی؟ په دې ځائے کښې یو واقع اوشوله په دې قصه خوانی کښې، حوالدار پکښې مړ شولو، ډاکه اوغورزیدله او چې هغې کښې دا وائی چې دا دوئ خپله دشمنی وه او ده د خپل پروګرام وو۔ بیا خلقو جلوس ملوس اوخکلو او خلقو هغه دغه خو هغه شئی ډیر په سخته باندې هغې شئی دغه شولو۔ نو زما دغه دا دے جی چې نن سبا د law and order مسئله خو جی ډیر زیاته ده او که زه په دې بحث کومه نو تقریباً چې گھنٹه لگیا یم نو په گھنٹه به هم یوه یوه قصه را واخلو، یوه یوه خبره را واخلو په یو یو ځائے باندې دغه ختمو۔۔۔۔۔

اراکین: بس ختمه کړه۔

(قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: دا ما جی درے منټه مقرر کړی دی۔ درے درے منټه۔

جناب عالم زیب: او کنه جی نو هغوې راته وائی چې خبره لږه اوکړه۔ (قہقہے)

دلته جی حالات د Law and order په دغه سره ډیر زیات خراب دی۔ په دې پیښور کښې چې د ورځے ورځے کوم واقعات او کوم واردات کیږی او کوم کوم دغه کیږی نو دا پرون چې ما، دا خپله خبره ما کوله، ما اووئیل چې زه دا خبره د خپل ځان نه شروع کومه ۔درے ځله جی زما خپله، ما هډو دا تر اوسه فریاد نه دے کړے، ما هډو داسې څه ژړا نه ده کړې چې زما کوم خپل حالات بهتر شو۔ ما اسمبلی کښې دا خبره تر اوسه پورې هډو اوچته کړې نه ده،نه پکښې ما څه ذکر کړے دے خو زه په دې خبره باندې سخته، سی ایم صاحب ناست دے او مخکښې هم ما دوئ ته داسې یوه خبره په نوټس کښې راوستے وه چې دا کوم هغه بله ورځ جی په هائی کورټ کښې جی کوم ما کنټرول ته اطلاع ورکړې وه او د باجوړ یو کس ئے سره د طمانچے نیولې دے او بل کس ئے نیولې دے او په هغې کښې جی بیا دے ځائے کښې دومره ایکشن د هغې چا چې هغه تماچې

نیولې ده چا چې هغه کلاکوف نیولې دے ، د هغې افسرانو خلاف ایکشن اغستې شوې دے ، چې دا تاسو ولې نیولی دی او دا تاسو ولې دغه کړی دی او په هغوې باندې هغه کاروائی کله یو ایس پی ته مارک کیږی او کله بل ایس پی ته مارک کیږی او کله بل ایس پی ته مارک کیږی او هغې ملزمانو ته پشت پناہی ملاویږی۔ نو په دې باندې زما جی سخت دغه دے که ماته بیا څه داسې حالات داسې څه حبره جوړه شوه نو ما دا خبره فلور باندې راوستله دا زه د سی ایم صاحب او د دوئ ټولو په نوټس کښې راولمه چې مکمل جی ما ته بیا په دې شئی کښې خطره ده او ډیر زیات زه غیر محفوظ یمه جی ۔نو په دې خبره د جی مکمل غور اوکړے شی۔ د دې خبرې د پوری تحقیقات اوکړے شی۔ او ما دا خبره ځکه داسې اوکړله د متهرې مثال او د بل مثال ما ورکړلو چې ایس ایچ او مړ شی۔ په موبائل باندې ډزے اوشی ،د ورځے ورځے واردات کیږی لګیا دی یو ځائے بل ځائے ، اخبارونه او ګورئی چې د سحر چې اخبار راواخلے نو وړمبے به کله د سی ایم صاحب په ضلع کښې هم څو څو ځله په موبائل باندې ډزے اوشوې او دغه اوشوې۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ټهیک شوه۔

<u>جناب عالم زیب:</u> نو زه دا خبره کومه خپله خبره راغونډومه هغوې بار بار ما ته اشارے راکوی چې خپله خبره راغونډه کړه نو هغې سرے تفصیل کښې لاړ نه شی ۔خو زه دا وایمه چې نن صبا حالات ډیر زیات خراب طرف ته روان دی جی ۔ډیره مهربانی شکریه جی ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شکریہ جی، مشتاق احمد غنی صاحب۔

<u>جناب سراج الحق (سینئیر وزیر خزانہ):</u> سپیکر صاحب۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی سر۔

<u>سینئیر وزیر خزانہ:</u> که ستاسو اجازت وی نو۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> محترم سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر خزانہ: په دې نور لاء اینډ آرډر باندې چې دا کوم بحث کیږی نو دا نوټس مونږ اخلو، جواب به ورکوؤ خو چونکه چې محترم عالم زیب صاحب د خپل ذات د عدم تحفظ د حوالے سره خبره اوکړله، لهذا دا زمونږ د پاره په هر لحاظ سره انتهائی سنجیده ده او انتهائی ضروری ده۔ ستاسو په علم کښې به وی چې زمونږه د پښتو کلچر داسې دے چې څه نه څه بدی هر سړے لری جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لری جی۔

سینیئر وزیر خزانہ: او جی۔ خو دا ده جی چې عالم زیب صاحب ته کوم مشکل پیش شوې دے نو شاید دا زمونږ حکومت دے چې مستقل د دوئ سره پولیس فورس ملګرے وی که تهانے ته راځی، که عدالت ته راځی، که اسمبلی ته راځی، که کور ته ځی، که هر ځائے ته ځی نو الحمد الله چې زمونږه پولیس نوجوانان ورسره ملګری وه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سیکورټی مو ورته Provide کړې ده جی۔

سینیئر وزیر خزانہ: او دوئ باندې چې کله هم حمله یا څه نقصان نو په هغې کښې دوئ هم زخمی شوې وو خو ورسره زمونږه د پولیس سپاهی هم زخمی شوې وو او اوس هم که دوئ ته څه قسم تکلیفه وی نو ان شاء الله به مکمل حفاظت خو الله پاک کوی خو چې حکومت څه کولې شی نو ان شاء الله هغه ملګرتیا به ورسره کوؤ۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ جناب مشتاق احمد غنی صاحب، محترم جناب مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: تھینک یو جناب سپیکر۔ میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے اس بہت اہم موضوع پر بات کرنے کی اجازت دی۔ جناب والا! ہمیں اس موضوع پر بات کرنے سے پہلے تھوڑا قیام پاکستان کے مقاصد کو ذہن میں رکھنا پڑے گا کہ اس ملک کی ابتداء کیسے ہوئی اور کیوں اس کو حاصل کرنے کی کوشش کی گئی؟ اسی بات کو حبیب جالب نے بڑے خوبصورت الفاظ میں کہا ہے کہ:

پاکستان کا مطلب کیا

روٹی کپڑا اور دوا

گھر اپنے کو چھوٹا سا
مجھ کو بھی تعلیم دلا
میں بھی مسلماں ہوں واللہ
پاکستان کا مطلب کیا
لا الہ الا اللہ

جب معاشرے میں ایک تفریق ابھرتی ہے اور غریب غریب تر ہوتا جاتا ہے اور امیر امیر ترین ہوتا جاتا ہے جب لوگوں کو ان کے وسائل کے مطابق رہائش میسر نہ آسکے، بچہ بیمار ہو تو نہ سرکاری ہسپتال اس کو own کر سکے، بچے بھوکے ہوں تو کوئی بھی شخص میں سمجھتا ہوں کہ کسی قسم کے بھی جرم کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ اسلامی ریاست میں یہ حکومت کی Responsibility ہے کہ معاشرے کے جو مظلوم طبقات ہیں جو محروم طبقات ہیں، جو نوالے کو ترستے ہیں، جو علاج کو ترستے ہیں، ان کی بنیادی ضروریات کو پورا کیا جائے۔ جب تک کسی بھی معاشرے میں عوام کی یہ بنیادی ضروریات پوری نہیں کی جاتیں۔ اگر تو There is law in the province, There is no law in the province, اس کی Implementation صحیح طریقے سے نہیں ہوتی And if there is some order اس آرڈر کے لئے قانون ہی نہیں ہے جسکی مثال میں آپکو یوں دونگا کہ ابھی کل پرسوں مردان کا جو واقعہ رونما ہوا ہے اور اس کے Reaction میں وہاں کے پولیس افسران کو معطل کیا گیا اور معطل کرنے والے شخص کے پاس کوئی قانون نہیں ہے But he has just passed the order جو کہ اخبارات کی زینت آج بن چکا ہے So میری گزارش یہ ہے کہ قانون کی عملداری کو یقینی بنایا جائے۔ جب ہم یہ Claim کرتے ہیں کہ الحمدللہ ہمارا صوبہ Is different- ہمارے صوبے کی الگ روایات ہیں، ہمارا صوبہ وہ واحد صوبہ ہے جس میں شریعت بل پاس ہو گیا ہے اور نافذ بھی کیا جا رہا ہے کہ ہو گیا ہے گو کہ نظر نہیں آرہا تو پھر اس معاشرے کے اندر اگر تھانیدار رشوت لیتا ہے، پٹواری رشوت لیتا ہے تو پھر کیسے Situation کا تدارک ممکن ہے؟ جناب والا، ہم صرف ہر بات پر پولیس کو ہی دوش دے دیتے ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ ان کی طرف سے بھی بہت زیادہ غلطیاں اور کوتاہیاں ہوتی ہیں، رشوت عام ہے تھانے عقوبت گاہیں بنی ہوئی ہیں لیکن ہمیں اس کا حل بھی تجویز کرنا چاہیئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہماری

پولیس، موجودہ وسائل ان کے پاس انتہائی ناکافی ہیں جیسے بلور صاحب نے بھی فرمایا، اگر ایک Cursing والا مجرم چوری کر کے بھاگتا ہے تو سوزوکی والا ایس ایچ او اسکو کبھی نہیں پکڑ سکتا اور جدید اسلحے سے لیس آجکل کرائم ہو رہے ہیں۔ جبکہ ہماری پولیس کے پاس آج بھی وہی پرانی رائفل ہے اور بڑا کم اسمیں، ابھی کچھ تھوڑا سا کیا گیا ہے لیکن اس میں بھی چونکہ اصل مسئلہ لاء اینڈ آرڈر کا اسلئے Important ہے سر، کہ جب آپ کے صوبے میں امن و امان کی صورتحال آئیڈل ہو گی تو آپ کے صوبے میں Foreign investment آنا شروع ہو جائے گی لوگ اپنے آپکو Safe and secure feel کرینگے یہ ابھی پچھلے دنوں ایک واقعہ ہوا ہے کہ ایک این جی او کے لوگوں کے اوپر حملہ ہوا تو ان حالات میں لوگ اپنے آپ کو Safe and secure feel نہیں کرتے۔ میری یہ گزارش ہے کہ غربت کے خاتمے کے لئے قیمتوں میں کمی لانے کے لئے، معاشرے میں سوسائٹی میں آسودگی لانے کے لئے اس ہاؤس میں ایک Comprehensive بحث کی جائے حکومت اور اپوزیشن بینچز مل کر اس کا حل دریافت کریں۔ یہ صوبے کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اس پر ہم آج تک سنجیدگی سے اس انداز میں بحث کا موقع فراہم نہیں کر سکے۔ ہمیں مل کر خواہ اپوزیشن ہو یا حکومتی بینچز ہوں، یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ غربت کے خاتمے کے لئے ہم قابل عمل تجاویز ہاؤس میں لیکر آئیں، اپنے صوبے کے وسائل کو دیکھتے ہوئے اور وسائل کو بڑھانے کے لئے بھی تجاویز لیکر آئیں تاکہ اس سے ان چیزوں کا تدارک ہو اور ساتھ ہی میں یہ گزارش کرونگا کہ جو میں نے عرض کیا کہ پولیس کے اندر ریفامز کی بھی ضرورت ہے، ان کی ٹریننگ کی بھی ضرورت ہے اگر آپ انکو بھرتی کر لیتے ہیں اور انکو ٹریننگ آپ صحیح نہیں دیتے آج کل تو بڑے ماڈرن قسم کے کرائمز سوسائٹی کے اندر ہو رہے ہیں ٹریننگ کی ضرورت ہے، Weapons کی ضرورت ہے، Vehicles کی ضرورت ہے انکو سٹیشنری کے لئے جب لوگوں سے پیسے مانگنے پڑتے ہیں تو اس ایس ایچ او کی کیا Credibility رہ جاتی ہے؟ یہ ایسے عوامل ہیں کہ جب تک ہم ان کے اوپر، تنقید کرنا تو ایک الگ بات ہے کہ جتنی مرضی ہے کوئی کرتا رہے لیکن ہمیں تنقید کے ساتھ ساتھ اس کے تدارک کے لئے تجاویز بھی لانی چاہئیں اور قابل عمل تجاویز لانی چاہئیں۔ پولیس والے بھی ہمارے بھائی ہیں جو ان کی مشکلات ہیں، انکو دور کرنا چاہیئے لیکن مجھے یہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بعض جگہوں پر صوبے کے اندر جو لاء اینڈ آرڈر کی

Situation خود گورنمنٹ کی طرف سے پیدا ہو جاتی ہے۔ پھر میں مردان کو دوبارہ Refer کرتا ہوں کہ وہاں پر ایک Federal Minister آتا ہے، اس کو ایم یم اے کے ہی لوگ بلاتے ہیں اور اسکو بلا کر پھر اس کا راستہ روکتے ہیں۔ اب ایسی صورتحال میں اگر پولیس کارروائی نہ کرے تو کیا کرے؟ اور اگر کارروائی کرے تو پھر اسکو ایک سینیٹر صاحب رخصتی کا پروانہ جاری کرتے ہیں جو کہ وہ جاری کر ہی نہیں سکتے۔ تو پھر آپ صوبے میں لاء اینڈ آرڈر کو کیسے کنٹرول کریں گے؟ اسی طرح میں ایبٹ آباد کی مثال دیتا ہوں آپ کو کہ وہاں ایوب میڈیکل کمپلیکس میں یک ڈاکٹر کا Murder ہوا، ناحق قتل ہوا۔ اس کی سب نے مذمت کی لیکن تین دن تک وہاں کی شاہراہیں بند رہیں، سلک روٹ بند رہا اور وہاں ہم نے پولیس سے کہا کہ آپ کو ایکشن لیکر روڈ کو کھولنا چاہیئے۔ تین دن سے لوگ مائیں، بہنیں بسوں میں بند ہیں سب بہت مشکلات میں ہیں لیکن وہ یہ کہتے تھے کہ اوپر سے ہمیں آرڈر نہیں اور تین دن بعد جاکر وہ روڈ کھلا۔ میری گزارش حکومت سے یہ ہے کہ لاء اینڈ آرڈر کوئی مذاق نہیں ہے یہ سب سے اہم مسئلہ ہے اور اس پر بھرپور توجہ دی جائے اور صوبے میں لاء اینڈ آرڈر درست ہوگا تو ان شاءاللہ اس صوبے میں Investment بھی آئے گی اور یہ صوبہ ترقی بھی کرے گا۔ تھینک یو سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔

محترمہ نعیمہ اختر: جناب سپیکر! پلیز ایک دو منٹ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں۔

محترمہ نعیمہ اختر: سر! پلیز۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ فہرست۔۔۔۔۔

محترمہ نعیمہ اختر: سر! آپ نے کہا تھا کہ لاء اینڈ آرڈر میں، سپیکر صاحب نے کہا تھا کہ یہ مسئلہ آپ ڈسکس کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، نہیں آپکا نمبر نہیں ہے۔

محترمہ نعیمہ اختر: کیونکہ مشتاق صاحب نے یہ مسئلہ اٹھایا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، آپکو میں نمبر دونگا۔ یہ فہرست ہے، میرے سامنے پڑی ہے لسٹ، اس کے مطابق میں چلتا ہوں پھر آپ کو میں ٹائم دونگا۔ محترمہ غزالہ حبیب صاحبہ۔

الحاجیہ محترمہ غزالہ حبیب: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ امن وامان کے حوالے سے اخبارات کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ پورے صوبے میں حالات کافی خراب ہیں اور آئے دن چوری ڈکیتی اور قتل غارت کے واقعات نے عوام کا سکھ چین چھین لیا ہے۔ ٹریفک کے المناک حادثات انگنت اموات حکومت کا منہ چڑاتے ہیں۔ سر، مانسہرہ میں میرے حلقے میں تھانہ پھلڑا کے علاقے میں شدید بدامنی رہی ہے اور چوری ڈکیتی اور قتل وغارت کے آئے دن کے واقعات کی وجہ سے لوگ شدید عدم تحفظ کا شکار ہیں، آئے روز گاڑیاں لٹنے کے واقعات کی وجہ سے لوگوں نے دن کو بھی سفر کرنا چھوڑ دیا ہے، حال ہی میں علاقہ میں ایک اجتماع بطور احتجاج منعقد ہوا ہے جس میں لوگوں نے ان واقعات کا شدید نوٹس لیا ہے جس میں حکومت کو Warn کیا گیا ہے کہ وہ عوام کے تحفظ کو یقینی بنائے اور میرا مطالبہ ہے کہ تھانہ پھلڑا میں پولیس کی نفری کو زیادہ کریں اور تھانے کو نئی گاڑی اور ہتھیار فراہم کریں۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ محترم جناب عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: شکریہ جناب سپیکر! میں مشکور ہوں آپ کا، کہ آپ نے اس ایجنڈے کے اہم پوائنٹ پر مجھے بولنے کا موقع دیا۔ جناب سپیکر! یہ مسلمہ دستور ہے کہ جب States بنتی ہیں تو وہاں پر States اور Citizens کے درمیان ایک سوشل کنٹریکٹ ہوتا ہے اور اس سوشل کنٹریکٹ کے تحت State کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اپنے State میں جو رہنے والے عوام ہیں، ان کی Protection کرے اور انکو انصاف فراہم کرے اور اس کے بدلے میں State میں رہنے والے شہری State کو ٹیکسوں کی شکل میں پیسہ دیتے ہیں اور قانون کی پاسداری کرتے ہیں۔ جناب سپیکر، اب اگر ہم اس صوبے کا بجٹ لے لیں تو اس صوبے کے اپنے جو وسائل ہیں، وہ چار بلین روپے Pay کریں گے اور پونے تین بلین روپے یہ صوبہ پولیس کو دیتا ہے یعنی 75 فیصد جو Taxes ہیں جو کہ غریب کسانوں سے مزدوروں سے اور عوام سے لئے جاتے ہیں مختلف طریقوں سے، وہ 75 فیصد ان میں سے 3/4 یعنی 75 فیصد، وہ صرف پولیس کو دے دیتے ہیں جناب سپیکر، اتنی تعداد میں رقم دے کر کیا اس صوبے کے رہنے والے اس صوبے کے شہری یہ

توقع نہیں کرینگے کہ اتنی رقم دے کر ان کی جان و مال کی حفاظت کی جائے گی؟ جناب سپیکر، آپ اگر اس صوبے کی ایک کروڑ اور ستر لاکھ یا ستتر لاکھ آبادی لگالیں، ستتر لاکھ تقریباً اسی لاکھ لگالیں تو میں نے اس کا حساب کیا ہے جناب سپیکر، ایک ہزار روپے تقریباً اس صوبے کا ہر خاندان پولیس کو دے رہا ہے اور اگر وہ پچاس، ساٹھ روپے دیہاڑی پر بھی کام کرے تو اس کا مطلب ہے کہ بیس دن اپنی محنت آٹھ گھنٹے کی محنت مشقت بیس دن متواتر وہ پولیس کو دیتا ہے ٹیکسوس کی شکل میں، لیکن اسکو ملتا کیا ہے؟ جناب سپیکر، دنیا میں میرے خیال میں کم از کم جمہوری ملکوں میں پاکستان واحد ملک ہے کہ جہاں کے شہری ٹیکس بھی دیتے ہیں اور جنکو ٹیکس دیتے ہیں ان سے مار بھی کھاتے ہیں میرے خیال میں کبھی بھی دنیا میں کہیں بھی جو مزدور ہے، اس نے مالک کو نہیں مارا ہو گا جو نوکر ہے، اس نے مالک کو نہیں مارا ہو گا لیکن یہاں پر جو ملازم ہے، جسکو تنخواہ ملتی ہے، ٹیکسوں سے اسے جو پیسہ ملتا ہے، وہی اٹھ کر اپنے ہی مالکوں کو مارنے لگتا ہے۔ ان کی Humiliation کرتا ہے، انکو دھکے دیتا ہے کیا کچھ نہیں کرتا جناب سپیکر، اس صوبے کے عوام کے ساتھ یہ پولیس ملازمین؟ لیکن دوسری طرف اگر ہم دیکھیں تو یہ دو ارب اور پچھتر یا دو ارب ستر کروڑ روپیہ جو انکو مل رہا ہے جناب سپیکر، آپ یقین کریں کہ اس میں جو چونتیس، پینتیس ہزار ملازمین ہیں کانسٹیبل ہیں انکو ایک ارب روپے سے زیادہ نہیں مل رہے ہیں۔ یہ ایک ارب، ستر کروڑ روپے دوسری مدوں میں جا رہے ہیں میں نے بجٹ سپیچ میں، فنانس منسٹر صاحب نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اس مسئلے پر بات کریں گے کہ ایک پولیس کانسٹیبل کے لئے بیس سے لیکر چوبیس ہزار روپے سالانہ تک اس کی وردی اور اس کے راشن کی مد میں نکلتے ہیں لیکن اسکو وردی اور اس کے راشن کی مد میں نکلتے ہیں لیکن اسکو وردی تین سو اور یا پانچ سو روپے کی وردی دی جاتی ہے اور انہوں نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ اس پر بیٹھیں گے کہ اگر یہ رقم ان کی تنخواہوں کے ساتھ شامل کی جائے تو یہ بہتر رہے گا بجائے اس کے کہ وہ دوسرے لوگ کھاتے پھریں، وہ دوسری مدوں میں Re appropriate کر کے ٹیلیفون، کبھی بجلی، کبھی تیل کے بل میں لے لیتے ہیں جناب سپیکر، اب یہ جو سب لوگ شکایت کر رہے ہیں کہ پولیس کو ڈیزل نہیں مل رہا ہے، انکو ٹائرز نہیں مل رہے ہیں یہ جو ایک ارب اور پچیس یا تیس کروڑ روپے جو مفت میں یہاں پر ضائع ہو رہے ہیں اگر یہ Proper طریقے سے خرچ ہوں تو میرے خیال میں کوئی مسئلہ نہیں رہے گا بلکہ حکومت کو اس سے بچت

بھی ہو سکتی ہے کافی زیادہ لیکن انہوں نے مجھ سے وعدہ ابھی تک پورا نہیں کیا جناب سپیکر، ہم سمجھتے ہیں کہ جو تین ارب روپے ملتے ہیں، ان میں سے 40% ان لوگوں پر نہیں لگتے جنکو ہم Real Police کہتے ہیں۔ اور ابھی جو مردان کا واقعہ ہوا جناب سپیکر، اگر میرٹ پر، آپ میری اس بات کو ذرا غور سے سنیں جناب سپیکر، یہ ایک انتہائی اہم بات ہے، مردان رینج اس صوبے کے تقریباً اہم رینجز میں سے ہے کہ اس کے ساتھ چارسدہ، نوشہرہ، صوابی اور مردان چار جو Main اضلاع ہیں، یہ رینج ان پر مشتمل ہے لیکن گزشتہ کئی مہینوں سے جناب سپیکر، وہاں پر ڈی آئی جی نہیں ہے، کئی مہینوں سے وہاں کا رینج خالی پڑا ہے اب جو مردان کا کل واقعہ ہوا، اگر وہاں پر ڈی ائی جی رینج ہوتا جناب سپیکر، تو یہ وزیر اگر تربیلہ کے راستے واپس جا سکتا تھا تو وہ صوابی اور نوشہرہ کی پولیس کے ذریعے اس وزیر کو تربیلہ کے ذریعے ہی مردان لایا جا سکتا تھا بجائے اس کے کہ اسکو اس جگہ پر لاتے کہ جہاں پر لوگ کھڑے تھے یا جو کچھ بھی تھا اس کے بجائے ادھر سے لاتے لیکن وہاں پر کوئی ڈی آئی جی رینج نہیں، جناب سپیکر، میرٹ کا تو یہ حال ہے کہ اس پشاور کو دیکھیں اس کا جو ڈی آئی جی ہے وہ گریڈ انیس کا ہے اور یہ پوسٹ گریڈ اکیس کی ہے جناب سپیکر اب اگر گریڈ انیس کو آپ گریڈ اکیس پر لگاتے ہیں اگر وہ اتنا قابل ہے اگر وہ اتنا ہوشیار ہے اور اتنا Effective ہے تو اسکو گریڈ اکیس تک پہنچا دیں ناں یہاں پر گریڈ اکیس کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں ان کو تو گریڈ بیس اور انیس پر کام کرنے دیا جا رہا ہے لیکن جو گریڈ انیس ہے، اسکو آپ گریڈ اکیس پر لگا رہے ہیں تو کیسے لاء اینڈ آرڈر صحیح ہو گا؟ جب آپ میرٹ کی دھجیاں خود بکھیر رہے ہیں، جب آپ ہر ڈیپارٹمنٹ میں Lower grade کے آدمیوں کو Uper grade پر لگا رہے ہیں جب آپ گریڈ انیس کو ہر ڈیپارٹمنٹ میں گریڈ بیس اور اکیس پر لگا رہے ہیں جناب سپیکر، تو میرٹ جب نہیں ہو گا تو پھر کیا ہو گا؟ پھر یہی حالت ہو گی کہ لاء اینڈ آرڈر کی پوزیشن خراب ہو گی جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو حال ہے آج کل، کل جو مردان میں واقعہ ہوا اور لوگوں کو تو چھوڑیں ایک ڈی ایس پی پر بھی ہاتھ اٹھنے لگے۔ اور جب پریس کانفرنس کرتا ہے تو ایک سینیٹر کرتا ہے کہ میں نے تین ایس ایچ اوز کو Suspend کر دیا ہے اور جناب سپیکر، آپ اس چیز کو بھی دیکھیں کہ کونسے ایس ایچ اوز کو Suspend کیا گیا؟ مردان سٹی کے کسی ایس ایچ او کو Suspend نہیں کیا، اے ڈویژن، بی ڈویژن اور صدر تھانہ تینوں مردان سٹی کے تھانے ہیں ان کے ایس ایچ اوز کو Suspend نہیں کیا لیکن شہباز گڑھی،

رستم اور شیخ ملتون کے ایس ایچ اوز کو Suspend کیا گیا۔ کیا یہ اس Out going ایس ایس پی کی سازش نہیں ہے کہ وہ جاتے وقت ایسے حالات اس صوبائی حکومت کے لئے پیدا کر گیا، ان ایس ایچ اوز کو Suspend کرنا جن کا اس علاقے کے ساتھ تعلق ہی نہیں ہے اور جن کا تعلق ہے انکو Suspend نہ کرنا انکو وہاں بیس پچیس تیس کلو میٹر سے بلا کر یہاں پر یہ حالات پیدا کرنا کیا یہ ایک سازش نہیں ہے جناب سپیکر؟ میں سمجھتا ہوں کہ کل جو واقع ہوا ہے یہ بالکل ایک سازش کے تحت ہوا ہے، اسکو Avoid کیا جاسکتا تھا اسکو صحیح طریقے سے Avoid کیا جاسکتا تھ ا (تالیاں) لیکن ایک سازش کے تحت وہاں پر پولیس نے درمیان میں اسطرح کی حالات پیدا کئے۔ Thank you very much janab Speaker.

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ محترم جناب انور کمال صاحب۔

جناب انور کمال خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ جناب سپیکر! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے لاء اینڈ آرڈر پر بولنے کی اجازت دی۔ جناب سپیکر، آپ کو علم ہے کہ لاء اینڈ آرڈر ایک ایسا مسئلہ ہے جو کہ حکومت وقت کی ذمہ داریوں میں سے ایک اہم ترین ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اپنے عوام کو Protection مہیا کرے اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ ہم نے اپنے پچھلے سیشن میں بھی لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے تقاریر کیں۔۔ اور اب بھی اس چیز کی اہمیت میں اسلئے زیادہ ضروری سمجھتا ہوں کہ جب تک حکومت وقت عوام کو Protection مہیا نہیں کر سکتی تو آپ اسکو کسی صورت میں بھی ایک کامیاب حکومت قرار نہیں دے سکتے۔ جناب سپیکر، ایک زمانہ تھا، ایک وقت تھا جب بھی لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے کوئی بات یا صوبائی کابینہ کو بریفنگ دی جاتی یا چیف منسٹر کو بریفنگ دی جاتی تو ہمیشہ ایک چیز سامنے آتی اور ہماری جتنی بھی Law enforcing agencies ہیں۔ ان کا ہمیشہ سے یہی ایک بہانہ رہا ہے کہ جب سے افغانستان سے افغان مہاجرین پاکستان میں آنا شروع ہوئے ہیں اور جب سے وہ یہاں پر رہائش پذیر ہوئے ہیں، اس وقت سے ہمارے صوبے میں Crime rates رفتہ رفتہ بڑھ رہے ہیں۔ اس حقیقت سے کوئی ان کار نہیں کر سکتا لیکن یہ کہنا کہ اس صوبے میں اگر Crime کی شرح روز بروز بڑھ رہی ہے تو اس کا یہ ایک واحد ذریعہ جو ہے وہ یہی ہے کہ یہاں پر افغان مہاجرین آباد ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت افغان مہاجرین کی وہ پچاس فیصد جو Influx تھی، جو آبادی تھی یا جو مہاجرین یہاں پر آباد تھے، وہ یہاں سے واپس اپنے اپنے

علاقے کو چلے گئے ہیں۔ لیکن اگر دوسری طرف آپ اس کا موازنہ کریں تو آئے دن جو ہم اخبارات میں پڑھتے ہیں اور دیکھتے ہیں اور جب بھی آپ اخبار کو اٹھاتے ہیں تو بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اخبارات کی شہ سرخیاں یہ ہوتی ہیں کہ جی، فلاں جگہ ڈاکے پڑ گئے، آج فلاں جگہ کسی رہزن نے کسی کو لوٹ لیا، دن دھاڑے کسی کے گھر پہ ڈاکے پڑ رہے ہیں، کہیں جا کر راکٹ لانچر سے حملے ہو رہے ہیں۔ لوگوں کی نیندیں حرام ہو چکی ہیں۔ ہمارے اس صوبے میں جناب والا، ساری عمر سے دو قسم کے کرائمز رہے ہیں، یہ صوبے کی نہیں بلکہ ہمیشہ سے یہ روایت رہی ہے۔ ایک روایت یہاں پر Traditional crimes ہوتے ہیں جو کہ پٹھانوں میں ایک عام چیز ہے۔ آپ قتل مقاتلے کرتے ہیں ہم اس کو امن وامان کے زمرے میں نہیں لیکر آتے لیکن دوسری طرف ایسے کرائمز ہوتے ہیں جن کو آپ Crimes against state قرار دیتے ہیں اور وہ کرائمز، وہ جرائم جو ہوتے ہیں، وہ آپ سے متعلق ہوتے ہیں اور ہماری روزانہ کی زندگی سے متعلق ہوتے ہیں جیسے آپ کہیں کہ اس علاقے میں ڈاکے پڑ رہے ہیں، ہائی ویز پر Robberies ہو رہی ہیں، Thefts ہو رہی ہیں۔ ہوائی فائرنگ ہو رہی ہے Addicts زیادہ ہو گئے ہیں تو یہ تمام وہ کرائمز ہیں جو میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت آپ کہیں دور نہ جائیں، میں اپنے ڈویژن کی بات کروں گا، چیف منسٹر صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، میں بنوں کی بات کروں گا۔ آپ اخبار اٹھا کر دیکھیں، یہ تقریباً کوئی پچھلے دس پندرہ بیس دنوں میں، بنوں میں سینما گھر پر راکٹوں سے حملہ کیا گیا لیکن آج تک کسی نے اس کے خلاف کوئی آواز نہیں اٹھائی۔ جناب والا! ابھی پچھلے دنوں جب ہم القاعدہ کے حوالے سے تقاریر یہاں پر کر رہے تھے اور ہم کہہ رہے تھے کہ جی بنوں میں ہیلی کاپٹر آ کر لینڈ کر رہے ہیں۔ دوسرے دن آپ نے دیکھا کہ ان پر راکٹوں سے حملہ ہوا لیکن آج تک پوچھنے والا ان سے کوئی نہیں ہے۔ یہ چھوڑ کر جناب والا، میں اپنے گاؤں تجوڑی کی بات آپ کو کر رہا ہوں۔ آپ آئے دن اخبارات میں دیکھیں، ہمارے ہاں بدقسمتی سے، چونکہ وہ ایک دور دراز علاقہ ہے وہاں پر ایف آئی آر وغیرہ درج نہیں ہوتی چھوٹے موٹے کرائمز اگر ہوتے بھی ہیں تو ان کو پوچھنے والا کوئی بھی نہیں ہوتا۔ جناب والا، مسلسل پچھلے دنوں، اور یہ آن ریکارڈ ہے، آپ اخبارات اٹھا کر دیکھ لیں کہ تین دن لگاتار علاقہ بیٹنی اور علاقہ مروت تجوڑی، وہاں پر راکٹوں کے حملے ہوتے رہے۔ صبح آٹھ بجے سے لیکر شام گئے تک وہاں پر حملے ہوتے رہے اور راکٹ تجوڑی شہر پر وہ برساتے رہے۔ جناب والا، آپ آج ٹیلی

فون کر کے پتہ کریں، وہاں کا مقامی کالج جو تھا، اس کے پرنسپل نے کالج کو چھٹی دے دی تھی، اسلئے کہ خدانخواستہ اگر کہیں راکٹ لانچر کا ایک گولہ وہاں کالج پہ گرااور ایک لانچر ان کی دیوار سے بھی ٹکرایا۔ لیکن چونکہ وہ آبادی سے باہر تھا، آج تک جناب والا، ان لوگوں کے خلاف کسی نے قدم تک نہیں اٹھایا۔ مجھے وہ دن یاد ہے، ہمارے چیف منسٹر صاحب لکی تشریف لیکر آئے تھے اور انہی دنوں میں لکی میں تھا، اغواء اور ڈاکے کی وارداتیں ہورہی تھیں۔ میرے سامنے انہوں نے حکم دیا ایس پی کو، کہ آپ فلاں بندے کو دو دن کے اندر گرفتار کرلیں۔ چیف منسٹر صاحب نے تو ان کو حکم دے دیا، لیکن وہ ایس پی صاحب کہتے ہیں کہ میں اس ڈاکو کو کیسے گرفتار کروں گا، اس کے لئے تو مجھے گورنر سے اجازت لینی پڑیگی اور وہاں سے مجھے ہیلی کاپٹر لیکر آنا پڑے گا، اسلئے کہ میرے پاس تو خالی کلاشنکوف ہے اور ان کے پاس راکٹ لانچرز ہیں، تو جہاں آپ کے ایس پی، جہاں آپ کے قانون نافذ کرنے والے اتنے ذمہ دار افسران خود اتنے نالاں ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ ہیلی کاپٹر کے بغیر کوئی کام کر بھی نہیں سکتے تو آپ ان لوگوں سے کیا توقع رکھیں گے کہ وہ آپ کے علاقے میں امن وامان برقرار رکھیں گے ؟ جناب والا، یہ ریکارڈ پر ہے کہ پچھلے چھ ماہ میں ایک لکی مروت میں کم از کم تین ایس پی تبدیل ہو چکے ہیں۔ جب آئے روز ان کو آپ نے سی ٹی اور ایس وی کے ٹیچرز بنایا ہوا ہے۔ جہاں پر تبادلے ہر روز ہوتے رہتے ہیں تو آپ کیا توقع ان لوگوں سے رکھیں گے کہ وہ لوگ اپنے علاقے میں امن وامان قائم رکھیں گے ؟ وہ کبھی بھی نہیں رکھ سکتے۔ میں ہمیشہ سے یہ کہتا رہا ہوں کہ اگر کوئی پولیس آفیسر اپنے علاقے میں Responsibility سے کام کرے، وہاں پر کسی قسم کا جرم سرزد نہیں ہو سکتا۔ اگر وہاں پر جرم سرزد ہوتے ہیں تو میں یہ وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ ان کی ملی بھگت سے ایسا ہو سکتا ہے۔ اگر وہ چاہتے ہیں تو وہاں پر نہ کوئی Gambling کر سکتا ہے، وہاں پر نہ کوئی ہوائی فائرنگ کر سکتا ہے، نہ وہاں پہ کوئی چوری کر سکتا ہے، نہ وہاں پر کوئی ڈاکے ڈال سکتا ہے۔ یہ تمام ریکارڈ ان کے پاس موجود ہوتا ہے لیکن جب حکومت کی گرفت ان لوگوں پر کمزور پڑتی ہے یا دوسری طرف حکومت ان کے ساتھ خود مل جاتی ہے تو آپ یہ یقین رکھیں پھر وہاں پر ڈاکے بھی پڑیں گے، وہاں پر چوریاں بھی ہوں گی، وہاں Highways Robberies بھی ہوں گی، وہاں پر Gambling Dons بھی بنیں گے۔ میں جناب والا، کسی پر اعتراض نہیں کرتا لیکن بعض اوقات ہمیں اس چیز پر افسوس ہوتا ہے۔ میں ایک بڑے ذمہ

دار پولیس آفیسر سے ان کے افسروں کے بابت شکایات نہیں کر رہا لیکن میں نے ضرور ان چیزوں کی نشاندہی کی۔ تو جناب والا، آپ حیران ہونگے کہ ایک ذمہ آفیسر مجھے جواب میں کہتے ہیں کہ آپ کیسے اس محکمہ سے کرپشن ختم کروا سکتے ہیں جبکہ آپ کے اپنے اس Institution میں اتنی کرپشن ہو رہی ہے اور انہوں نے مجھے سینیٹ کے حوالے سے یہ طعنہ دیا کہ آپ کے سینیٹ میں بھی لوگ جا کر بک جاتے ہیں تو ہم کیوں یہ کام نہ کریں؟ (تالیاں) جناب والا، اس بات میں حقیقت یہ ہے، حقیقت یہ ہے، آپ خوش نہ ہوں، آپ خوش نہ ہوں اس چیز پر، یہ آپ پر بھی اعتراض ہو رہے ہیں اس پر آپ خوش نہ ہوں، یہ انگلیاں آپ کی طرف اٹھ رہی ہیں (تالیاں) یہ آپ کے سر پر آئین میں سب کچھ ہو رہا ہے۔ میں حقیقت۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: انور کمال خان! ٹائم بہت آپ نے لے لیا ہے جی۔

جناب انور کمال خان: میں خالی یہ بات ختم کرتا ہوں، چھوٹی سی بات کرتا ہوں۔

جناب افتخار احمد خان جھگڑا: يره دا زما وخت ده له ورکړئ چې د زړه براس اوباسی، (قہقہہ) خومره خوږے خبري کوی۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! ہمیں اس چیز پر، حقیقت یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ ایک سرکاری افسر اپنی اصلاح کرے، وہ یہ کہتے ہیں کہ چونکہ آپ لوگ چوریاں کرتے ہیں، آپ لوگ غلط کام کرتے ہیں اسلئے ہم بھی غلط کام کرنے کے مرتکب ہوں گے۔ جناب والا، اگر یہ افسران، ان کے سوچ کا معیار یہ ہو تو پھر اس صوبے کا خدا ہی حافظ ہے۔ جناب والا، ابھی پچھلے دنوں جیسے ابھی میرے کسی دوست نے فرمایا، مشتاق غنی نے فرمایا کہ آپ کیسے باہر کے لوگوں کو، Investors کو اپنے ملک لیکر آئیں گے آپ کیسے ان کو یہ دعوت دیں گے؟ آپ کیا ان لوگوں کو، ان Investors کو ان چوروں سے، ان ڈاکوؤں سے لٹوانا چاہتے ہیں؟ وہ کونسا پاگل ہوگا، وہ کونسا بیوقوف ہوگا جو آپ کے صوبے میں آکر یہاں پر Investment کرے گا؟ گومل زام جو کہ آپ کے صوبے کا ایک بہت بڑا پراجیکٹ ہے، جناب والا، پرسوں کا اخبار اٹھا کر دیکھیں، وہاں پر چائنا کے انجینیئر کو اس دن اغواء کرنے کی کوشش کی گئی اور انہوں نے دھمکی دی کہ اگر یہی سلسلہ جاری رہا تو ہم گومل زام پر کام کرنا بند کر دیں گے۔ جناب والا، آپ پچھلے دنوں ہزارہ کی حالت کا پوچھیں، وہاں پر

مجھے یاد نہیں ہے، آپ کے کوئی عالم دین تھے، کوئی حضرت تھے جنہوں نے یہ اعلان کیا کہ پولیس یہاں پر مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اور انہوں نے علاقہ تناول میں ایک انجمن نثاران بنائی اور انہوں نے کہا کہ چوبیس گھنٹے کے اندر اندر پولیس کو یہاں سے نکل جانا چاہیئے۔ اسلئے کہ یہ ناکام ہو چکے ہیں۔ جناب والا، آپ کے شباب ملی کے صدر رہیں، ضلعی صدر رہیں، انہوں نے حیات آباد میں یہ اعلان کیا ہے کہ اگر حکومت وقت ان لوگوں پر گرفت نہیں کر سکتی تو ہم ان کے خلاف تحریک چلانا شروع کر دیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: انور کمال خان! میں۔

(قہقہہ)

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں، میں ختم کرتا ہوں، آپ اس کو تنقید برائے تنقید نہ سمجھیں۔ ہم ایک مشکل وقت سے گزر رہے ہیں۔ حالات اس صوبے کے بہت زیادہ خراب ہیں۔ کم از کم اس پر حکومت وقت کو چاہیئے کہ وہ اس کا کوئی تدارک کرے تاکہ کم از کم لوگوں کو اس مصاحبت سے نجات مل سکے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترم جناب محمد اکرم خان درانی صاحب، آنریبل چیف منسٹر صوبہ سرحد، محترم جناب اکرم خان درانی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر!

محترمہ نسرین خٹک: مسٹر سپیکر سر!

جناب ڈپٹی سپیکر: دا د وئ یو منٹ پریږدئ، خیر دے جی۔

جناب اکرم خان درانی (وزیراعلیٰ): آپ لوگ بیٹھیں، میں بات کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه نه، ستا سو نمبر په ځائے دے۔

وزیراعلیٰ: سراج صاحب بیٹھے ہیں جی، آپ کو وہ جواب دیں گے۔ کچھ ضروری باتیں ہیں جو کہ میں کہنا چاہتا تھا جو تین تھیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: مجھے آپ کی موجودگی میں بات کرنی تھی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ ان کی موجودگی میں کر لیتیں۔

وزیراعلیٰ: جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں۔مجھے جو جلدی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

وزیراعلیٰ: ابھی سوا دو بجے امریکن سفیر آرہا ہے،اس کو میں نے ٹائم دیا ہے ورنہ میں خود اسمبلی میں بیٹھ کر، اور اگر آپ اس کو آج جاری رکھنا چاہتے ہیں تو کل میں چاہتا ہوں کہ پورا جواب دوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔یہ اچھی بات ہے،ٹھیک ہے۔

وزیراعلیٰ: لیکن، میں خود ہی جواب دوں سب باتوں کا، تو اس کے علاوہ آج کچھ وضاحت ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، ٹھیک ہے۔جی جی، آپ کرلیں سب۔

وزیراعلیٰ: وہ بھی کرلوں گا، کل بھی ان شاءاللہ میں آؤں گا۔سب سے پہلے تو میں انور کمال صاحب کا مشکور ہوں کہ سینیٹ میں جو خرید و فروخت ہوئی اور انہوں نے اس کو جس انداز سے پیش کیا، میرے خیال میں بہت اچھی بات ہے۔اور جمہوری لوگوں کی خرید و فروخت، ہم تو ہمیشہ کہتے ہیں کہ گھوڑے بکتے ہیں، جانور بکتے ہیں لیکن انسان کبھی نہیں بکتے لیکن پھر بھی اگر انسان بکتے ہیں تو میرے خیال میں معاشرے میں اس سے کوئی بڑا جرم نہیں۔ہم تو یقیناً اس کے داعی ہیں کہ خدمت خلق ایک عبادت ہے اور جو آدمی بھی سیاست میں آتا ہے، اس کو عبادت سمجھتے ہوئے سیاست کرنی چاہیئے اور ان شاءاللہ ہم نے اسی جذبے کے ساتھ ہمیشہ سیاست بھی کی، عبادت سمجھا اور پارٹی کا منشور یہی ہے کہ اس کو عبادت سمجھنا چاہیئے۔میں تو یہ بھی ضروری سمجھوں گا کہ ہماری روایات یہاں پر بہت اچھی ہیں۔اور سینیٹ کے حوالے سے بھی جو اخبارات کی کچھ باتیں زینت بن گئی تھیں، میرے خیال میں ہماری اسمبلی کے ممبران کے لئے، جو یہاں پر نمائندگی کرتے ہیں پورے صوبے کے عوام کی، وہ اپنے آدمی کو جب منتخب کرتے ہیں تو اپنے ساری اختیارات، غیرت ایمان اور اپنے حقوق اس کے حوالے کرتے ہیں اور یہاں پر کوئی آدمی بھی جب بکتا ہے تو وہ اپنے آپ کو نہیں بیچتا، وہ پورے اپنے معاشرے کے لوگوں کو بیچتا ہے۔اور میرے خیال میں یہ اگر ضروری ہے تو اس پر بات بھی ہونی چاہیئے مستقل اور ان لوگوں کی نشاندہی بھی ہونی چاہیئے کیونکہ یہ مستقبل کے لئے بھی ایک عبرتناک بات بن جائے گی اور پھر کوئی بھی سودا گر یہاں پر آکر اپنے عوام اور اپنے حلقے کی غیرت کا سودا نہیں کریں گا (تالیاں) تو میں انتہائی مشکور ہوں اس وقت کا بھی اور میں تو ہمیشہ اس بات کا داعی ہوں کہ ہم جمہوریت

کو جس انداز میں بھی جو کہ ہمارا اپنا کام ہے، ہم سب ملکر اسی جمہوریت کے تحت فیصلے بھی کریں اور افسوس کی بات یہ ہے کہ کچھ فیصلے اب بھی جمہوری ادارے نہیں کرتے اور وہ غیر جمہوری ادارے لوگوں کو بلا کر ان پر جلدی اپنا فیصلہ ٹھونستے ہیں کہ آپ لوگ یہ کریں گے۔ (تالیاں) میں تو اس پر بھی یہ بات کہوں گا کہ اگر ہم نے واقعی جمہوریت کو زندہ کرنا ہے ہم نے جمہوریت کے تحت فیصلے کرنے ہیں اور ہم نے اپنے گریبان میں دیکھ کر تو پھر ہم وہ فیصلے کر لیں جو کہ ہماری پارٹی کے لوگ ہمیں حکم دیتے ہیں، جو پارٹی کی طرف سے ہمیں ہدایت ہوتی ہے ہم نے ان غیر جمہوری قوتوں کے ساتھ نہیں چلنا ہے کیونکہ ہمیشہ جمہوریت کو جو نقصان پہنچایا ہے تو وہ غیر جمہوری ادارے ہیں جنہوں نے جمہوری لوگوں کو بدنام کیا ہے اور آج بھی یہ مستقل کوشش کی جارہی ہے کہ جمہوری لوگوں کے فیصلے غیر جمہوری لوگ کر رہے ہیں اور ایک موقع پر میں یہ ثابت بھی کروں گا لیکن اس کو میں کچھ وقت کے لئے اپنے پاس رکھنا چاہتا ہوں اور ہم تو آج بھی اس پر قائم ہیں کہ جمہوری فیصلے جمہوری لوگ کریں۔ اپنی اپنی پارٹی کے منشور کے مطابق لوگ چلیں یہ ہمارا کلچر بھی ہے لیکن ان شاء اللہ اس پر مزید میں کچھ تفصیلی بات کروں گا۔ اب میں جلدی میں ہوں۔ لاء اینڈ آرڈر کے مسئلے پر میں ایک دو باتوں کو کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ انور کمال خان اور میں ایک گاؤں اور ایک ضلع اور ایک ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں۔ میرے خیال میں ہماری حکومت بننے سے پہلے اس کے ضلع میں بھی اور میرے ضلع میں بھی مفروروں اور ڈاکوؤں کا جو راج تھا اور جو لوگ باہر نہیں نکلتے تھے اس پہ جس حد تک ہم نے کام کیا ہے میرے خیال میں اس کا علم زیادہ انور کمال خان کو ہے اور آج تو میں یہاں پر یہ سننا چاہتا تھا کہ باوجود اس کے اس پر بھی بات کرتے کہ جو اچھے اقدامات ہیں اور وہاں پر لوگ سکھ کا سانس لے رہے ہیں اور ہمارا وہاں پر کچھ اچھا کام ہے لیکن یہاں پر ایک بات انہوں نے کی بنوں کے ائرپورٹ کی۔ بنوں کا ائرپورٹ ایف آر ایریا میں ہے اور سب ٹرائبل ایریا ہے۔ ہم نے اس وقت بھی جب زیادہ میں نے بات کی تو اسی حوالے سے کی کہ کل صوبائی حکومت پہ پھر بات آئے گی لیکن یہ تقریباً ایف آر کے علاقے میں ہے اور سات فرلانگ پر ٹرائبل ایریا ہے وہ خود اس میں گئے ہیں اور میں اس میں گیا ہوں۔ ہم نے پھر بھی یہی بات رکھی تھی کہ خدانہ کرے کہ کوئی ایسا مسئلہ ہو لیکن اس کی خاطر وہاں پر بھی میں نے کور کمانڈر سے بھی بات کی کہ اس ائرپورٹ کے حالات کچھ اور ہیں۔ میری اس کے ساتھ تفصیلی بات ہوئی تھی۔

جہاں پر بھی، Settled area میں یہ ہمیں بتادیں ان شاءاللہ اس کے خلاف کارروائی بھی ہو گی، مفروروں کو بھی پکڑا ہے۔ بیٹنی کی بات کی، یہاں پر ہماری پولیس نے بڑی کارکردگی دکھائی اور جو ایک مفرور تھا، چوبیس پچیس کیسوں میں Involve تھا۔ یہاں پر پشاور میں اس کو گرفتار کیا گیا ہے جس راکٹ لانچر کی انور کمال خان بات کر رہے ہیں کہ کل تجوڑی میں وہاں سے آئے تھے اور ایک پورے شہر پہ آتے تھے۔ اس کو پشاور میں پولیس نے گرفتار کیا ہے اور چوبیس کیسز کے علاوہ وہاں پر عدالت نے اس ضمانت کی اور عدالت کی ضمانت پر وہ آدمی رہا ہوا۔ میں تو ہمیشہ یہ کہتا ہوں کہ اگر ہم خود وہ لوگ جو کہ لوگوں کے بڑے ہیں اور آپس میں ہم مقابلہ کرتے ہیں، پھر ہم مفروروں کا سہارا لیتے ہیں۔ ایک بڑا گروپ ایک مفرور کو اپنے ساتھ رکھتا ہے اور دوسرا گروپ، کیوں ہم ان لوگوں کو وہ مقام دیں کہ مفروروں کے خلاف ہم اتحاد کر لیں اور ہم اپنی بات کے لئے مفروروں کا سہارا نہ لیں۔ ہم اپنی بات کے لئے مفروروں کو کبھی پناہ نہ دیں اور اس کے لئے اگر ہم سب یہاں پر اس ایوان کے اندر کے لوگ بالکل ہر پل متفق ہوں تو میں آپ لوگوں کو کہتا ہوں کہ یہ پورے صوبے سے ہر ایک معاشرے کی Cream آئی ہے، ہر ایک ضلع کی Cream آئی ہے۔ یہاں پر ہم عہد کرتے ہیں کہ ہم جتنے بھی سیاسی پارٹی کے لوگ ہیں ہم اس کے خلاف واقعی اخباری حد تک نہیں، ہم اس حد تک بات کرتے ہیں کہ حلفاً یہاں پر ہم سب یہ اقرار کریں کہ چور کے خلاف، ڈاکو کے خلاف ہم مل کر جہاد کریں تو آپ لوگوں کے علاوہ کوئی بڑا فورم نہیں ہے کہ ہم اس کے خلاف جہاد نہیں کر سکتے اور ہم سب کا تعاون (تالیاں) پولیس کے ساتھ ہو تو میرے خیال میں پولیس کے ہاتھ مضبوط ہو جاتے ہیں۔ آج بھی کبھی کوئی واقعہ ہوتا ہے تو وہ میرے علم میں ہے کہ کوئی مجھے کیا کہتا ہے لیکن وہاں پر میں نے جس مفرور کے بارے بات کی جلسے میں کہ اس کو پکڑنا چاہیئے اور جب وہ گرفتار نہ ہوا تو اس پر میں نے وہاں کے ایس پی کو OSD بنایا اور آج تک وہ OSD ہے اور پوری چھان بین کے بعد وہاں پر دوسرے آدمی کے تبادلے کی بات کی اور دوسرا میں نے بھیجا ہے اور اس کو ہدایات دی ہیں کہ وہاں پر وہ کام کریں گے جو کہ ہر ایک آدمی کی فلاح اور غیرت کے لئے ہو اور وہاں آپ ایمان سے فیصلے کریں گے کسی قسم کے پریشر میں نہیں آئیں گے۔ تبادلہ میں نے اس کا اسی پر کیا کہ ایک بڑے جلسے میں اگر میں ایک حکم دیتا ہوں اور وہاں کی ایڈمنسٹریشن اس پر عمل نہیں کرتی تو میرے خیال میں اس کو OSD رکھنا میرا حق ہے کہ اگر ایک چیف منسٹر

کے حکم کے باوجود بھی وہاں پر احکامات نہ ہوں اور ان شاءاللہ وہاں پر جو تجوڑی سے خائز کی بات کی کہ راکٹ لانچر سے وہ ٹرائیبل ایریا سے تو وہ خود جانتے ہیں کہ وہاں سے ہوئی لیکن پھر بھی میں نے اسی وقت ہوم سیکرٹری صاحب کو آئی جی صاحب کو اور چیف سیکرٹری صاحب کو بھی فون کیا کہ ٹرائیبل ایریا سے اگر فائر آتا ہے Settle Area بھی اپنا ہے اور ٹرائیبل ایریا بھی، یہاں پر ہم نے قانون کی پاسداری کو، پانچ پلاٹون FCاسی دن میں نے بھیج دی۔ آج بھی وہ لکی مروت میں ہے اور میں نے ایس پی سے بھی کہا ہے کہ آپ پانچ پلاٹون FC سے کام لیں جہاں پر بھی آپ آپریشن کرنا چاہتے ہیں اور میں نے اسے یہ بھی کہا ہے کہ اگر آپ کے لئے ہیلی کاپٹر کی ضرورت ہے، میں آپ کو ہیلی کاپٹر دونگا یا آرمی سے دونگا۔ ان شاءاللہ ہماری حکومت اتنی کمزور نہیں ہے کہ ہیلی کاپٹر کا انتظام نہ کرسکے تو ان شاءاللہ وہاں پر ہم اپنی ذمہ داری کو خود سمجھتے ہیں۔ ہم ہیلی کاپٹر بھی دیں گے مفروروں اور ڈاکوؤں کے خلاف ہر جگہ ہم کارروائی بھی کریں گے لیکن میں آپ لوگوں کو حلفاً کہتا ہوں کہ ہم کسی مفرور کے حق میں نہیں ہیں اور یہاں پر بھی میں آپ لوگوں کو بتاؤں کہ ہمارا اپنا علاقہ جو کہ میرا اپنا گھر ہے، علاقہ ہے، وہاں پر بھی اسی طرح تھا۔ اس ہماری حکومت سے پہلے جب ہم مجبور ہوئے تو میں نے اپنے سیاسی مخالفین کو اپنے ساتھ بٹھا کر وہاں پر اپنے علاقے میں ایک جرگہ تشکیل دیا اور اس جرگے میں ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ اگر ہمارے علاقے میں چوری ہوئی تو اس کی سزا ہو گی اور اس کی سزا ہو گی۔ اور اس کے کھیت میں خود جا کر، جب ایک آدمی اس میں Involve تھا ہم نے دن کے وقت اس کے گھر کو Demolish کیا اور اس کے بعد اس کے گھر کو آگ لگادی اور ان شاءاللہ آج تک اس کے بعد آپ بھی اس کو جانتے ہیں اور آپ کے علم میں ہے۔ اگر میں حکومت کے علاوہ اس حد تک جاسکتا ہوں کہ اپنی ذات پر کچھ برداشت کروں، تو حکومت کے ہوتے ہوئے ان شاءاللہ میں سب چیزوں کو ان شاءاللہ اس طرح کرلونگا، پھلڑہ تھانے کی بات۔ مین خود مانسہرہ گیا جی میں ان لوگوں کا نام ابھی نہیں بتانا چاہتا ہوں کہ ان مفروروں کو پناہ کون دیتے ہیں؟ لیکن ہر جگہ پہ لوگ مجھے معلوم ہے میرے علم میں ہے میں نے وہاں پر ڈی آئی جی کو بلا کر مانسہرہ میں ایس پی کو بلا کر اور جو باتیں مجھے پھلڑا تھانے کی سنائی گئیں وہ انتہائی قابل افسوس ہیں۔ وہ انتہائی دکھ کی باتیں تھیں اور ان شاءاللہ آپ لوگوں کو اس کا نتیجہ نظر آئے گا کہ اس پر ہم کیا کارروائی کر رہے ہیں۔ دوسری جگہ ہمارے کچھ تین چار اضلاع ہیں جو کہ بہت خراب ہیں۔

یہاں پر ہمارا ملاکنڈ ایریا ہے۔ جہاں پر ایک ڈسٹرکٹ گورنمنٹ بھی ہے۔اور ساتھ ٹرائیبل ایریا بھی ہے۔ وہاں پر پہلے پولیٹیکل ایجنٹ ہوتا تھا، ابھی ڈی سی او ہے۔ ناظم کا اختیار ہے۔اس میں بھی ہم تکلیف میں تھے ایک ریٹائرڈ آدمی وہاں پر کمانڈنٹ رکھا تھا۔ جب میں نے وہاں پر ایس پی کو بھیجا تو کچھ لوگوں کے خدشات یہ تھے کہ یہ وہاں پر لیوی کو ختم کروار ہے ہیں۔اور وہاں ابھی پولیس کو میں نے کہا پولیس کو اسلئے نہیں بھیجا ہے کہ ایف سی کا وہاں پر، آپ کے لیوی کا کمانڈنٹ ہو گا لیکن اس کو میں ٹھیک کر سکتا ہوں کیونکہ اس کی اے سی آر میرے پاس ہے۔اور جب ریٹائرڈ آدمی ہوتا ہے۔ وہ ایک دو تین چار سالوں کے بعد چلا جاتا ہے۔ابھی آپ ان شاءاللہ دیکھیں گے کہ وہاں پر کس طرح کارروائی کرتے ہیں اور جرگے کو میں نے مطمئن کیا ہے۔ میرے علم میں ہے کہ وہاں پر کیا ہو رہا تھا، کون کر رہا تھا؟ میں نے اس وقت بھی جا کر ملاکنڈ میں بھی Elders کو کہا کہ خدا کے لئے آپ ان لوگوں کے بزرگ ہیں اگر آپ ہمارا ساتھ دیں تو وہاں پر کوئی بھی کچھ نہیں کر سکتا اور وہاں پر بھی انشاءاللہ ابھی تبدیلی نظر آئیگی۔ مردان کے بارے میں میرے خیال میں، اگر میں بات کر لوں۔ یقیناً وہاں پر جو بھی وزیر آتا ہے، اس کا دفاع ہمارا فرض ہے۔ یہاں پر اس کو پروٹوکول دینا ہمارا فرض ہے۔ اگر اس نے مجھے بھی لکھا ہوتا کہ میں آرہا ہوں، صوبائی حکومت کو کچھ اطلاع دیتے تو میں پورے پروٹوکول کے ساتھ، اگر کسی بھی پارٹی کا یہاں پر لیڈر آرہا ہو، وہ (ق) لیگ کا آرہا ہو وہ پیپلز پارٹی کا آرہا ہو میں نے پروٹوکول بھی دیا ہے، گاڑی بھی دی ہے۔ تو منسٹر ایک Elected آدمی ہے، اس کو سب کچھ میں دیتا لیکن اس وقت میرے علم میں نہیں تھا لیکن جب بھی کسی نے قانون کو ہاتھ میں لیا، اس کے خلاف ہم نے کارروائی بھی کی ہے اور اس کے بعد اگر پولیس والوں نے بھی کارروائی سے فائدہ لیتے ہوئے کچھ زیادتی کی ہے تو پولیس والوں کا کام بھی یہ نہیں کہ وہ اس طرح کام کریں کہ بالکل آدمی کو مروا دیں۔ان کے لاٹھی چارج کے لئے بھی طریقہ کار ہوتا ہے۔ آنسو گیس کا بھی ہوتا ہے۔ لیکن اس کے لئے بھی میں نے سینیٹر کو بھیجا اور اپنے Elected لوگوں کو وہاں پر کہ ہمیشہ آپ لوگ فیصلے کریں گے۔ Elected آدمی کے علاوہ کوئی دوسرا یہ کام کر بھی نہیں سکتا۔ یہ ہمیشہ روایات ہیں کہ جو بھی منتخب آدمی ہوتا ہے اس کی باتیں لوگ مانتے ہیں اور قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔اس کو میں نے مصالحت کے لئے بھیجا اور وہاں پر بڑی محنت سے اس بات کو ختم کیا اور اس کے علاوہ وہاں پر مردان میں، ہم نے تو کوشش کی ہے کہ مردان چونکہ عبدالاکبر خان

بیٹھے ہیں، وہاں پر بہت بڑے بڑے لوگ ہیں اور وہاں پر ڈیوٹی دینا بھی آسان کام نہیں ہے۔ عبدالاکبر خان جیسے لوگ بھی بیٹھے ہیں تو میرے خیال میں وہاں پر تو ہم نے کوشش کی وہاں پر جو بھی ڈاکے پڑے ہیں، وہ ریکارڈ پر ہیں کہ 45لاکھ روپے تک کی ریکوری بھی ہم نے کی ہے۔ پشاور شہر کی اگر میں بات کروں۔ یہاں پر جتنی بھی ریکوری گاڑیوں کی ہوئی ہیں، یہاں پر جتنے کلو سونا ہم نے برآمد کیا ہے، ان لوگوں پر ہم نے ہاتھ ڈالا ہے، آج بھی ہے کہ کبھی آپ اس پر سوچ بھی نہیں سکتے۔ UNHCR کی گاڑی پر جب فائرنگ ہوئی تو وہ ملزمان ہم نے پکڑ لئے۔ ہوائی اڈے سے ایک آدمی باہر سے آرہا تھا اس کے پاس کچھ پیسے بھی تھے تو کچھ لوگوں نے اپنے آپ کو سی آئی ڈی کا آدمی بنا کر اس کو لوت لیا۔ ان لوگون کو بھی ہم نے پکڑا ورنہ کوئی بھی وہاں نہیں تھا۔ یہاں پر جو ایڈوکیٹ جنرل کی بات ہوئی، دوسری وہ تین تاریخی باتیں ہیں کہ ہم نے ان لوگوں کو پکڑا اور مال بھی برآمد کیا۔ اور یہاں پر جو آج دیکھ رہے ہیں کہ پولیس والے مر رہے ہیں، یہ بھی ہمارا ان کے ساتھ ہاتھ ہے کہ ہم نے ان کو حوصلہ دیا ہے۔ اس سے پہلے کوئی پولیس والا اپنے آپ کو نہیں مرواتا تھا کیونکہ وہ کہتا تھا کہ میں کیوں اپنے آپ کو مرواؤں؟ آج تو پولیس والے اس قابل ہو گئے ہیں کہ یا ڈاکوؤں کو مارتے ہیں اور یا اپنے آپ کو مرواتے ہیں اور پولیس کا فرض یہ ہے کہ یا اپنے آپ کو شہید کریں یا ان ڈاکوؤں کو ماریں اور اس کے بعد میرے بھائی عالمزیب خان کی بات جو ہوئی، تو میں نے خود جا کر اس کو ہسپتال میں بھی دیکھا ہے اور ان کے ساتھ میرے خیال میں سراج صاحب نے بات بھی کی ہے، ذاتی باتیں ہوتی ہیں دشمنی میں، اس میں ہمارا کوئی وہ نہیں تھا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے، اس کے لئے درمیان میں اللہ تعالیٰ کچھ رحمت کرے۔ رحمت نازل کرے کہ فیصلے ہوں۔ لیکن ایک Elected ممبر کے حوالے سے ہم نے اس کو پولیس بھی دی ہے۔ ہم کتنے لوگوں کو پولیس دیں گے؟ لیکن ان کا ہم نے خیال رکھا کہ آپ چونکہ اس معزز ایوان کے رکن ہیں اور جب بھی انہوں نے فون کیا ہے، میرے خیال میں میں نے کبھی یہ نہیں سوچا ہے کہ یہ کس پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔ بارہ بجے بھی اگر میرے ساتھ ضرورت پڑے تو میرے دروازے ان کے لئے کھلے ہیں وہ آئے ہیں۔ آٹھ بجے بھی اگر مجھے فون کیا کہ مجھے یہ تکلیف ہے تو میں نے کہا کہ آپ آئیں آپ ایک Elected آدمی ہیں اور آپ کے لئے کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ تو ان شاءاللہ میں دوبارہ اس پر تفصیل سے بات کرونگا لیکن یہ جو ہمارے علاقے کی کچھ باتیں تھیں اور پورے صوبے کے حوالے سے بھی ان شاء

اللہ میں بات کرونگااور میں آپ لوگوں کو یقین دلاتا ہوں کہ میں نے اپنے کچھ لوگوں کو بھی ناراض کیا ہے لیکن میں نے پولیس کا ساتھ دیا ہے کہ خدا کے لئے اس کے تبادلے کے پیچھے آپ نہ لگیں۔ یہ ابھی صحیح کام کر رہے ہیں۔ جب بھی وہ غفلت کے مرتکب ہوں، میں خود ان کو ٹرانسفر کرونگا۔ ان شاءاللہ اس پر ابھی آپ کی بات جاری رہے گی کیونکہ وہاں پر میری میٹنگ ہے لیکن آپ لوگوں کو یہ تسلی دلاتا ہوں کہ ناانصافی اور اس قسم کے جو واقعات ہمیشہ روایات بنے ہوئے ہیں، ان باتوں پر ہم ان شاءاللہ نہیں آتے ہیں۔ ہمارا یہ فرض بنتا ہے کہ آپ لوگوں کی بات اس ہاؤس کی بات، یہ سب سے اچھی بات ہے۔ یہاں پر کوئی بھی اگر اس قسم کی بات کرے۔ اگر ہم میں کچھ نقائص ہیں وہ بات اسلئے کرتے ہیں کہ ہماری بے عزتی کے لئے نہیں کہتے ہیں۔ اگر کچھ نقص رہ بھی گیا ہے تو وہ بھی نکلے۔ ہم آپ کی باتوں کو آگے بڑھائیں گے۔ ہم نے ہمیشہ یہ کوشش کی ہے کہ آپ کی باتوں کو سنیں اور ان پر عمل کریں۔ اور میرے خیال میں یہ روایات بھی نئی ہیں اور تلخ تجربہ پرانے ساتھیوں کا ہے لیکن آج پرانے ساتھی کافی کم ہیں اور نئے لوگ زیادہ آئے ہیں۔ تو وہ تلخ تجربہ پہلے ان کا نہیں ہوا ہے جو کہ ہوتا تھا۔ میں آخر میں آپ سب کا مشکور ہوں۔ پھر بھی دوبارہ ٹائم بھی دونگا۔ جو باتیں ہیں، سراج صاحب بھی بیٹھے ہیں اور ان شاءاللہ اس کے بعد آپ لوگ اپنی باتیں جاری رکھیں اور میں آپ لوگوں سے اگر اجازت لوں۔ ایک غیر ملکی سفیر ہیں۔

میاں نثار گل: میں سر، ایک ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں درانی صاحب اگر میری ایک عرض سنیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: نثار گل صاحب! آپ تشریف رکھیں جی۔

میاں نثار گل: ایک ضروری بات ہے کہ کوہاٹ بنوں اور کرک یہ ایک تکون بنا ہوا ہے کہ جس میں مفرور۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں صاحب! آپ مجھے ایجنڈے پر کام کرنے دیجئیے۔

میاں نثار گل: میری بات آپ سنیں، تقریر نہیں کر رہا ہوں ایک پوائنٹ پر بات کر رہا ہوں جی۔ کرک، بنوں اور لکی ایک تکون بنا ہوا ہے۔ وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد بھی بیٹھے ہوئے ہیں، میرے ضلع کرک سے پندرہ بیس دن پہلے ایک دسویں جماعت لڑکا اغواء ہوا تھا اور اس کے ساتھ ایک ڈرائیور بھی اغواء ہوا تھا۔ میں

نے آواز جگہ جگہ پر پہنچائی بھی لیکن میں بے بس ہو گیا۔ آخر میں ہم نے ان مفروروں کے ساتھ سودا کیا اور پانچ لاکھ روپے پر اسکو رہائی دلائی۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اب یہ کرک بنوں اور لکی لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ادھر بہت خراب ہے۔ وہ باہر آئے ہوئے ہیں اور بیٹھے ہوئے ہیں وہ لوگ جنہوں نے پانچ لاکھ روپے دیئے ہیں اور میں پرسوں گیا تھا اس لڑکے کے ساتھ ملنے کے لئے، خدا کی قسم کہ وہ دیوانہ ہو گیا ہے وہ بول نہیں سکتا اتنا مفلوج ہو گیا ہے۔ تو میں اس آواز کے ساتھ اسلئے آواز ملانا چاہتا تھا کہ لکی، بنوں اور کرک ایک تکون ہے۔ اس میں لاء اینڈ آرڈر کے مسئلے کا تھوڑا خیال رکھیں۔Thank you so much۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔

وزیر اعلیٰ: وہ اگر ٹرائیبل ایریا میں ہیں تو ہمیں ان کے نام بتادیں۔ میں گورنر صاحب سے بات کرتا ہوں۔ اس کے پانچ لاکھ کی ریکوری کے لئے بھی، اور اگر صوبے میں ہے تو میرا فرض بنتا ہے کہ اس آدمی کو ہم پانچ لاکھ روپے نکال کر دیں۔ اور اگر وہ Settled Area میں ہیں۔ آپ اگر میرے ساتھ الگ بھی بات کرتے ہیں، میرے نوٹس میں ان لوگوں کو لائیں، ان شاءاللہ Settled ایریا میں بھی ان کے پانچ لاکھ روپے کا ذمہ دار ہوں۔ ان کے پانچ لاکھ روپے بھی واپس کرونگا اور ان لوگوں کے خلاف کارروائی بھی کرونگا۔ اگر اس کے علاوہ وہ ٹرائیبل ایریا میں ہیں (تالیاں) تو پھر بھی اس جگہ کی نشاندہی کریں میں نے اور گورنر صاحب نے آپس میں بات کی ہے کہ ٹرائبل ایریا میں بھی اور Settled Area میں بھی ایک دوسرے کو سنیں گے اور بات کریں گے تو وہاں پر میں گورنر صاحب کے ساتھ ٹرائیبل ایریا میں بھی بات کر سکتا ہوں۔ لیکن ان لوگوں سے آپ کے پانچ لاکھ روپے ہم ان شاءاللہ نکالیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ The sitting is adjourned till 09:30 am tomorrow morning.

---

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ 25 ستمبر 2003ء صبح ساڑھے نو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)